# غزل

## ولی دکنی

I ان اشعار کی تشریح کیجیے: **Two Mark Questions**

۱ سختی کے بعد عیش کا اُمید وار اچھ (E)
آخر ہے روزہ دار کوں اک روز عید یھاں

۲ سب کام اپس کے سونپ کے حق کوں نچنت ہو (E)
یہ ہے تمام مقصد گفت و شنید یھاں

۳ حاجت اپس کی کہنہ ونوا اس سوں کہہ، ولی (E)
محتاج جس نزک ہیں قدیم وجدید یھاں

....................................

# غزل

## انشا اللہ خان انشا

I ان اشعار کی تشریح کیجیے: **Two Mark Questions**

۱ اجی کیوں رلاتے ہو مجھ کو تمھیں کیا (E)
نہیں رحم آتا مری چشمِ تر پر

۲ یہی وضع ہے تو مجھے کھوئیے گا (E)
پڑے پھریئے گا ہاتھ رکھ کمر پر

۳ مجھے رونا آتا ہے شمع سحر پر (E)
کہ بیچاری اب مستعد ہے سفر پر

....................................

## غزل

### ذوق دهلوی

I ان اشعار کی تشریح کیجیے:   **Two Mark Questions**

ا مذکور تری بزم میں کس کا نہیں آتا   ( E )
پر ذکر ہمارا نہیں آتا نہیں آتا

۲ ہستی سے زیادہ ہے کچھ آرام عدم میں   ( E )
جو جاتا ہے یہاں سے وہ دوبارا نہیں آتا

۳ ہم رونے پر آجائیں تو دریا ہی بہادیں   ( E )
شبنم کی طرح سے ہمیں رونا نہیں آتا

.....................................

## غزل

### داغ دهلوی

I ان اشعار کی تشریح کیجیے   **Two Mark Questions**

ا نہ دل ہی ٹھہرا، نہ آنکھ جھپکی، نہ چین پایا، نہ خواب آیا   ( E )
خدا دکھائے نہ دشمنوں کو، جو دوستی میں عذاب دیکھا

۲ جو تجھ کو پایا تو کچھ نہ پایا، یہ خاکداں ہم نے خاک پایا   ( E )
جو تجھ کو دیکھا تو کچھ نہ دیکھا، تمام عالم خراب دیکھا

۳ ہماری آنکھوں نے بھی تماشا عجب عجب انتخاب دیکھا   ( E )
برائی دیکھی، بھلائی دیکھی، عذاب دیکھا، ثواب دیکھا

.....................................

## غزل

## فانی بدایونی

I ان اشعار کی تشریح کیجیے: **Two Mark Questions**

۱ قدم آہستہ اے اُمید رکھنا خانۂ دل میں (E)
کہ میری آرزو آغوشِ محرومی میں سوتی ہے

۲ تصنع سے نہیں خالی ضیائے حسنِ قدرت بھی (E)
کہ شبنم رات بھر گلشن میں منھ پھولوں کا دھوتی ہے

۳ کسی کی یادِ مژگاں دل میں جب نشتر چبھوتی ہے (E)
خلش ہوتی ہے لیکن کس قدر پرلطف ہوتی ہے

....................................

## غزل

## اصغر گونڈوی

I ان اشعار کی تشریح کیجیے: **Two Mark Questions**

۱ آلامِ روزگار کو آساں بنا دیا (E)
جو غم ہوا اسے غمِ جاناں بنا دیا

۲ یوں مسکرائے جان سے کلیوں میں پڑ گئی (E)
یوں لب کشا ہوئے کہ گلستاں بنا دیا

۳ وہ شورشیں نظامِ جہاں جن کے دم سے ہے (E)
جب مختصر کیا انھیں آساں بنا دیا

....................................

## غزل

## فراق گورکھپوری

I ان اشعار کی تشریح کیجیے: **Two Mark Questions**

۱ طبیعت اپنی گھبراتی ہے جب سنسان راتوں میں (E)
ہم ایسے میں تری یادوں کی چادر تان لیتے ہیں

۲ جسے صورت بتاتے ہیں پتا دیتی ہے سیرت کا (E)
عبارت دیکھ کر جس طرح معنی جان لیتے ہیں

۳ بہت پہلے سے ان قدموں کی آہٹ جان لیتے ہیں (E)
تجھے اے زندگی ہم دور سے پہچان لیتے ہیں

.....................................

## غزل

## شہریار

I ان اشعار کی تشریح کیجیے: **Two Mark Questions**

۱ مرکزِ دیدہ و دل تیرا تصور تھا کبھی (E)
آج اس بات پہ کتنی ہنسی آتی ہے ہمیں

۲ گردشِ وقت کا کتنا بڑا احسان ہے کہ آج (E)
یہ زمین چاند سے بہتر نظر آتی ہے ہمیں

۳ تجھ سے بچھڑے ہیں تو اب کس سے ملاتی ہے ہمیں (E)
زندگی دیکھیے کیا رنگ دکھاتی ہے ہمیں

.....................................

# غزل

## احمد فراز

**Two Mark Questions**

I ان اشعار کی تشریح کیجیے:

۱ سنا ہے بولے تو باتوں سے پھول جھڑتے ہیں (E)
یہ بات ہے تو چلو بات کر کے دیکھتے ہیں

۲ رکے تو گردشیں اس کا طواف کرتی ہیں (E)
چلے تو اس کو زمانے ٹھہر کے دیکھتے ہیں

۳ سنا ہے رات اسے چاند تکتا رہتا ہے (E)
ستارے بامِ فلک سے اتر کر دیکھتے ہیں

....................................

# غزل

## وقار خلیل

**Two Mark Questions**

I ان اشعار کی تشریح کیجیے:

۱ روشنی، پھول، سمندر، ظلمت (E)
ہم ترے نام گنا دیتے ہیں

۲ کتنا بھرپور ہے یہ طنز کہ آج (E)
لوگ جینے کی دعا دیتے ہیں

۳ قرب کے نام پہ کچھ لوگ وقار (E)
فاصلے اور بڑھا دیتے ہیں

....................................

# غزل

## حسنیٰ سرور

I ان اشعار کی تشریح کیجیے: **Two Mark Questions**

۱ اک بوند بھی ملتی نہیں اب مہر و وفا کی (E)
سوکھے ہوئے سب ہونٹ ہیں اور روح بھی پیاسی

۲ اب کون پڑے گا میرے حالات کا چہرہ (E)
آتی ہے کسے تیرے سوا چہرہ شناسی

۳ اپنوں نے ڈبویا ہمیں ساحل کے بہت پاس (E)
سوچو تو بڑی گہری ہے یہ بات ذرا سی

....................................